# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: سوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | سبق کا نام: اپنی مثال آپ | |
| **مقاصد:** الفاظ کے مترادف معنی کے لحاظ سے سمجھ سکیں۔ | | |
| **تدریسی معاونات:** کتاب سوم، الفاظ کے مترادف کے تصویری کارڈز، مختلف رنگوں کے کارڈ، ورک شیٹ۔ | | |

## تحریکی سرگرمی: (5منٹ)

- بچّوں کو بتائیں آج ہم ایک دل چسپ سرگرمی کے ذریعے اپنے کام کا آغاز کریں گے۔
- چار ایسی تصویریں لیں جن کے مترادف بن سکیں جیسے: شجر، دن، ثمر، صحرا وغیرہ۔
- ان تصویروں کو کاٹ کر ان کے ٹکڑے کر لیں۔
- بچّوں سے کہیں ان ٹکڑوں کو جوڑ کر تصویر مکمل کریں۔
- اور اس کا مترادف سوچیں اور بتائیں۔
- اس دوران بورڈ پر یہ الفاظ لکھیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کوئی لفظ بولیں۔ جس گروہ کے پاس اس پر مبنی تصویر ہوگی۔ اس کا کوئی بچہ آکر بورڈ پر متعلقہ لفظ کے سامنے مترادف لکھے گا۔
- جو گروہ یہ سرگرمی درست طور پر کرے گا، وہ یہ مقابلہ جیت جائے گا۔

## تدریسی طریقہ کار: (25منٹ)

- اب بورڈ پر پھل کی تصویر چسپاں کریں اور بچوں سے اس کا نام پوچھیں۔
- اور تصویر کے نیچے نام لکھیں۔ اب اس کا مترادف لفظ "ثمر" اس کے سامنے لکھیں۔
- بچوں کو بتائیں ایسے الفاظ جن کے معنی ایک جیسے ہوں، مترادف الفاظ کہلاتے ہیں۔
- اب بچوں کے پانچ گروہ بنائیں۔ ہر گروہ کو مختلف رنگوں کے چار چار کارڈز دیں جن کے اوپر الفاظ لکھے ہوں اور مترادف لکھنے کی جگہ دی گئی ہو۔
- مقررہ وقت کے بعد کوئی لفظ بولیں۔
- جس گروہ کے پاس اس لفظ کا کارڈ ہو گا اس کا کوئی بچہ بورڈ پر لکھے اس لفظ کے آگے اس کا مترادف لکھے گا۔
- اسی طرح یہ سرگرمی باقی گروہوں سے بھی کروائیں۔
- بعد ازاں کتاب کا کام مکمل کروائیں۔

| |
|---|
| **اعادہ:**(3 منٹ) پڑھائے گئے سبق سے متعلق اعادہ کروائیں۔ |
| **جائزہ:**(5 منٹ) بچوں سے کتاب میں دیے گئے الفاظ کے مترادف لکھوائیں۔ |
| **گھر کا کام:**(2 منٹ) ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔ |

## ورک شیٹ

| الفاظ | مترادف |
|---|---|
| اسم | |
| سحر | |
| آسمان | |
| جنّت | |
| ضعیف | |
| دلیر | |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: | یونٹ:2 | جماعت: سوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ:5 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | | سبق کا نام: اپنی مثال آپ | |

**مقاصد:** عددی ترتیب کا درست استعمال کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** کتاب سوم، مختلف تصویروں والی پرچیاں، جملوں کی پرچیاں، ٹوکری

## تحریکی سرگرمی: (5منٹ)

- بچوں کے گروہ بنادیں اور کاغذ کی دس پرچیاں لیں۔
- جن پر ایک تا دس مختلف چیزوں کی تصویریں ہوں جیسے دس پھولوں کی تصویریں، پانچ پنسلوں کی تصویریں، آٹھ کتابوں کی تصویریں وغیرہ۔
- اب یہ پرچیاں بچوں میں تقسیم کریں۔
- اور بچوں سے کہیں کہ وہ ان پرچیوں پر بنی تصویروں کو گنیں۔
- انھیں وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ کے لیڈر کو باری باری بلا کر انھیں پرچیاں بورڈ پر چسپاں کرنے اور ان پر موجود تصاویر گن کر ہندسہ بتانے کو کہیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (25منٹ)

- بچوں سے پوچھیں کہ وہ عددی ترتیب کے بارے میں کیا جانتے ہیں؟
- انھیں بتائیں وہ الفاظ جو چیزوں کی ترتیب اور درجوں کو ظاہر کریں، عددی ترتیب کہلاتے ہیں۔
- درج ذیل جملوں کی پرچیاں بنائیں۔

| | |
|---|---|
| وہ ابھی تیسرا سوال لکھ رہا ہے۔ | میں نے چھٹا سبق یاد کر لیا ہے۔ |
| آج میری بارھویں سال گرہ ہے۔ | علی نے جماعت میں دوسری پوزیشن حاصل کی۔ |
| آج اس کی سکول سے پانچویں چھٹی ہے۔ | |

- ان پرچیوں کو بند کر کے ٹوکری میں ڈالیں۔
- بچوں کے پانچ گروہ بنائیں اور ہر گروپ کا ایک لیڈر مقرر کریں۔
- اب ٹوکری ہر گروہ کے لیڈر کے آگے کریں اور ایک پرچی اُٹھانے کے لیے کہیں۔

| |
|---|
| • انھیں وقت دیں اور جملے پڑھ کر عددی ترتیب پر دائرہ لگائیں۔<br>• مقررہ وقت کے بعد ہدایت دیں کہ بچوں سے کہیں کہ وہ جماعت کے سامنے آئیں۔<br>• جملوں کو پڑھ کر سنائیں اور ان جملوں میں عددی ترتیب کی نشاندہی کریں۔<br>• پڑھائی کے دوران میں کی جانے والی غلطیوں پر بچوں کو ٹوکا نہ جائے بلکہ ان کی شائستگی سے اصلاح کی جائے۔<br>• عددی ترتیب کا جملوں میں استعمال سمجھانے کے بعد کتاب کا کام مکمل کروائیں۔ |
| **اعادہ:**(3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں۔ |
| **جائزہ:**(5منٹ) کتاب پر دیے گئے جملے بورڈ پر لکھیں اور متفرق بچوں کو بلا کر ان سے درست عددی ترتیب کی مدد سے جملے مکمل کروائیں۔ |
| **گھر کا کام:**(2منٹ) جماعت میں پڑھائے گئے سبق کی مشق کر کے لانی ہے۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: سوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | سبق کا نام: اپنی مثال آپ | |

**مقاصد:** چھٹی کے دن کی مصروفیات لکھ سکیں۔

دس مربوط جملوں میں لکھ سکیں کہ وہ بڑے ہو کر کیا بننا چاہتے ہیں۔

گروہی صورت میں لطیفے اور پہیلیاں سنا سکیں۔

**تدریسی معاونات:** کتاب سوم، شیٹس

## تحریکی سرگرمی:(5منٹ)

- بچوں کو گروہی صورت میں بٹھائیں۔
- انھیں لطیفوں اور پہیلیوں پر مبنی کتابیں مہیا کریں اور ایک دوسرے کو سنانے کے لیے کہیں۔
- اس سرگرمی کا مقصد بچوں کی خود اعتمادی میں اضافہ کرنا ہے۔
- اس کے بعد بچوں کو ایک دائرے میں بٹھائیں اور انھیں شیٹس مہیا کریں۔
- ہر بچے کو ہدایت دیں کہ وہ اپنی چھٹی کے دن کی مصروفیت کے بارے میں پہلے ایک دوسرے کو بتائیں۔ پھر انھیں جملوں میں اپنی اپنی شیٹس پر لکھیں۔
- اس سرگرمی کے لیے انھیں وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ایک ایک بچے کو باری باری بورڈ پر بلائیں اور اپنے لکھے جملے پوری جماعت کو سنانے کے لیے کہیں۔
- بچوں کی حوصلہ افزائی کے لیے تالیں بجوائیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (25منٹ)

- کسی بھی موضوع پر لکھنے کے لیے الفاظ کا مجموعہ اور موضوع سے متعلق معلومات ضروری ہیں۔
- بچوں سے گفت گو کریں کہ وہ بڑے ہو کر کیا بننا چاہتے ہیں۔
- بچوں سے اس کی وجہ بھی پوچھیں۔
- اب بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ دس مربوط جملوں میں لکھیں کہ وہ بڑے ہو کر کیا بننا چاہتے ہیں۔
- کام کے دوران بچوں کی نگرانی کریں کہ وہ صحیح کام کر رہے ہیں۔

| |
|---|
| • مقررہ وقت کے بعد بچوں کو باری باری بورڈ پر بلائیں اور انھیں ہدایت دیں کہ اپنے جملوں کو جماعت کے سامنے دہرائیں۔<br>• بولے جانے والے جملوں میں کوئی نیا لفظ آئے تو اسے بورڈ پر لکھیں۔<br>• سرگرمی کے آخر میں ان الفاظ کی تمام بچوں کو خواندگی کروائیں۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر چند الفاظ لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کے جملے بنوائیں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کیے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: سوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | سبق کا نام: ہمارے علاقائی کھیل (دہرائی) | |

**مقاصد:** الفاظ کے معانی، سوالات کے جوابات اور غلط / درست فقرات کی دہرائی کر سکیں۔

الفاظ کو جملوں میں استعمال کر سکیں۔

اقراری اور استفہامی جملوں میں فرق واضح کریں۔

عبارت پڑھ کر سوالات کے جوابات دے سکیں۔

**تدریسی معاونات:** ورک شیٹ

## تحریکی سرگرمی: (5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- جماعت کو دو گروہوں میں تقسیم کریں اور الفاظ معانی کی سرگرمی کروانے کے لیے اور ہر گروہ کو تمام الفاظ کی ایک ایک پرچی دے دیں۔
- بورڈ پر الفاظ معنی کا کالم بنائیں اور بچوں کی جانب سے دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔
- دونوں گروہوں کو باری باری الفاظ کے معانی بتانے کا موقع دیں۔
- اگر کوئی گروہ غلط معانی بتائے تو بھی اس کو بورڈ پر لکھیں اور کانٹ چھانٹ کر کے غلطیوں کی اصلاح کریں۔

## تدریسی طریقہ کار: (8منٹ)

- طلبہ کو بتائیں کہ وہ اس سبق "ہمارے علاقائی کھیل" کی دہرائی کرنے جا رہے ہیں تا کہ امتحانات کے لیے تیاری مزید بہتر ہو جائے۔
- مشق میں دیے گئے سوالات بورڈ پر لکھیں اور طلبہ سے باری باری ان کے جوابات پوچھیں۔
- جن بچوں کی پڑھائی درست نہ ہو ان کی اصلاح کریں۔
- اسی طرح سبق کے باقی سوالات کی نشان دہی کرتے جائیں اور بچوں کو دہرائی کروائیں۔
- اگر کسی بچے کو پڑھنے میں دقّت پیش آ رہی ہو تو اس کی انفرادی طور پر راہ نمائی کریں۔
- آخر میں سبق کا مکمل اعادہ کروائیں تا کہ بچوں کو تمام نکات کی سمجھ آ جائے۔
- طلبہ کو ورک شیٹ دیں اور ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ حل کریں۔

**اعادہ:** (0منٹ) N / A

| |
|---|
| **جائزہ:** (5 منٹ) ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کیا گیا کام دہرائیں۔ |

## ورک شیٹ (20 منٹ)

**(الف) درج ذیل سوالات کے مختصر جواب لکھیں۔**

- علاقائی کھیل کسے کہتے ہیں؟

- کُشتی کا کھیل کیسے کھیلا جاتا ہے؟

- پاکستان کا قومی کھیل کون سا ہے؟

- کھیل انسانی صحت کے لیے کیوں ضروری ہیں؟

**(ب) درج ذیل الفاظ کے معانی لکھیں نیز جملوں میں استعمال کریں۔**

| الفاظ | معانی | جملے |
|---|---|---|
| برقرار | | |
| مقرر | | |
| مقبول | | |
| پھرتی | | |

**(ج) درج ذیل استفہامی جملوں کو اقراری جملوں میں تبدیل کریں۔**

| اقراری جملے | استفہامی جملے |
|---|---|
| | کیا امّی جان سویٹر بُنتی ہیں؟ |
| | کیا آپ نے نماز پڑھی ہے؟ |
| | کیا کمپیوٹر اہم ایجاد ہے؟ |
| | کیا آپ باقاعدگی سے سکول جاتی ہیں؟ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: | یونٹ:2 | جماعت: سوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ:5 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:5 | | سبق کا نام: چھوٹی سی نیکی (دہرائی) | |

**مقاصد:** الفاظ کے معانی، سوالات کے جوابات اور درست جوابات کے گرد دائرہ لگا سکیں۔

اسم معرفہ کی پہچان کر سکیں۔

واحد اور جمع کا فرق، جملوں میں واضح کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** ورک شیٹ

## تحریکی سرگرمی: (5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- جماعت کو دو گروہوں میں تقسیم کریں اور ہر گروہ کو الفاظ معانی کی سرگرمی کروانے کے لیے تمام الفاظ کی ایک ایک پرچی دے دیں۔
- بورڈ پر الفاظ معنی کا کالم بنائیں اور بچوں کی جانب سے دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔
- دونوں گروہوں کو باری باری الفاظ کے معانی بتانے کا موقع دیں۔
- اگر کوئی گروہ غلط معانی بتائے تو بھی اس کو بورڈ پر لکھیں اور کانٹ چھانٹ کر کے غلطیوں کی اصلاح کریں۔

## تدریسی طریقہ کار: (8 منٹ)

- طلبہ کو بتائیں کہ وہ اس سبق "چھوٹی سی نیکی" کی دہرائی کرنے جا رہے ہیں تا کہ امتحانات کے لیے تیاری مزید بہتر ہو جائے۔
- مشق میں دیے گئے سوالات بورڈ پر لکھیں اور طلبہ سے باری باری ان کے جوابات پوچھیں۔
- جن بچوں کی پڑھائی درست نہ ہو ان کی اصلاح کریں۔
- اسی طرح سبق کے باقی سوالات کی نشان دہی کرتے جائیں اور بچوں کو دہرائی کروائیں۔
- اگر کسی بچے کو پڑھنے میں دقّت پیش آ رہی ہو تو اس کی انفرادی طور پر راہ نمائی کریں۔
- آخر میں سبق کا مکمل اعادہ کروائیں تا کہ بچوں کو تمام نکات کی سمجھ آ جائے۔
- طلبہ کو ورک شیٹ دیں اور ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ حل کریں۔

**اعادہ:** (0 منٹ) N / A

**جائزہ:** (5 منٹ) ورک شیٹ طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کیا گیا کام دہرائیں۔

## ورک شیٹ (20 منٹ)

**(الف) درج ذیل سوالات کے جواب لکھیں۔**

- نیکی کسے کہتے ہیں؟

---

- حامد نے اسکول سے واپس آکر کیا کیا؟

---

- حامد کے اُستاد صاحب نے حامد سے کیا کہا؟

---

**(ب) درست جملے کے سامنے (✓) اور غلط جملے کے سامنے (✗) کا نشان لگائیں۔**

(الف) والدین کا حکم ماننا چاہیے۔ ☐

(ب) حامد نے بوڑھے آدمی کی مدد کی۔ ☐

(ج) ہمیں نیکی کرنے کے لیے روزانہ مواقع تلاش کرنے چاہییں۔ ☐

(د) نیکی میں اللہ تعالیٰ کی عبادت اور اس کی مخلوق سے بھلائی شامل ہے۔ ☐

☐

**(ج) جملوں میں درست واحد یا جمع لگا کر جملے مکمل کریں۔**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| دکانیں | بیماری | مرغیاں | جھنڈا | کتابیں |

(الف) میرے بستے میں ________ ہیں۔

(ب) ہم نے گھر کی چھت پر ________ لگایا۔

(ج) میں نے بہت سی ________ پال رکھی ہیں۔

(د) آج کل نزلہ، زکام کی ________ عام ہے۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: سوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:6 | سبق کا نام: اپنی مثال آپ (دہرائی) | |

**مقاصد:** الفاظ کے معانی اور سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔

مختلف پیشوں کے بارے میں بات کر سکیں۔

معمّے میں سے الفاظ تلاش کر کے لکھ سکیں۔ الفاظ کے مترادف لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** ورک شیٹ

## تحریکی سرگرمی: (5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- جماعت کو دو گروہوں میں تقسیم کریں اور ہر گروہ کو تمام الفاظ کی ایک ایک پرچی دے دیں۔
- بورڈ پر الفاظ معنی کا کالم بنائیں اور بچوں کی جانب سے دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔
- دونوں گروہوں کو باری باری الفاظ کے معانی بتانے کا موقع دیں۔
- اگر کوئی گروہ غلط معانی بتائے تو بھی اس کو بورڈ پر لکھیں اور کانٹ چھانٹ کر کے غلطیوں کی اصلاح کریں۔

## تدریسی طریقہ کار: (8منٹ)

- طلبہ کو بتائیں کہ وہ اس سبق "اپنی مثال آپ" کی دہرائی کرنے جا رہے ہیں تاکہ امتحانات کے لیے تیاری مزید بہتر ہو جائے۔
- مشق میں دیے گئے سوالات بورڈ پر لکھیں اور طلبہ سے باری باری ان کے جوابات پوچھیں۔
- جن بچوں کی پڑھائی درست نہ ہو ان کی اصلاح کریں۔
- اسی طرح سبق کے باقی سوالات کی نشان دہی کرتے جائیں اور بچوں کو دہرائی کروائیں۔
- اگر کسی بچے کو پڑھنے میں وقت پیش آ رہی ہو تو اس کی انفرادی طور پر راہ نمائی کریں۔
- آخر میں سبق کا مکمل اعادہ کروائیں تاکہ بچوں کو تمام نکات کی سمجھ آ جائے۔
- طلبہ کو ورک شیٹ دیں اور ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ حل کریں۔

**اعادہ:** (0منٹ) N / A

**جائزہ:** (5منٹ) ورک شیٹ طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کیے گئے کام کی دہرائی کرنی ہے۔

## ورک شیٹ (20 منٹ)

**(الف) درج ذیل الفاظ کے معانی لکھیں۔**

| الفاظ | معانی |
|---|---|
| تعمیر کرنا | |
| مہیّا | |
| وابستہ | |
| معمار | |
| اَجر | |

**(ب) درج ذیل سوالات کے مختصر جواب لکھیں۔**

- ہمیں تن درست رہنے کے اُصول کون بتاتا ہے؟

- منڈیوں میں فصلیں کہاں سے آتی ہیں؟

- چرواہے کیا کام کرتے ہیں؟

- چند پیشوں کے نام لکھیں۔